بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

## رفاہ نیشنل سیونگ اور ثروہ اسلامک سیونگ اور ٹرم اکاؤنٹ سے متعلق شرعی تصدیق

رفاہ نیشنل سیونگ، (RNS) سنٹرل ڈائریکٹریٹ آف نیشنل سیونگز (CDNS) کی ایک اسلامی ونڈو ہے، جس کے قیام کا مقصد:

- عوام کو شریعت کے مطابق بچت کی سرمایہ کاری کے لئے حل پیش کرنا، جس سے اسلامی جمہوریہ پاکستان میں سود سے پاک بچت اور سرمایہ کاری کو فروغ دیا جائے ۔
- حکومت پاکستان کے شریعت سے ہم آہنگ آمدنی دینے والے پروگراموں/ترقیاتی منصوبوں کے لئے عوامی سرمایہ کاری مہیا کرنے میں تعاون فراہم کرنا۔
- اسلامی جمہوریہ پاکستان میں شریعت سے ہم آہنگ کیپیٹل مارکیٹس کو ترقی دینا۔

زیر نظر/زیر غور اثاثہ جات میں سرمایہ کاری کا بنیادی ڈھانچہ وکالہ استثمار اور مشارکہ کی بنیاد پر مبنی ہے جس کا تفصیلی طریقہ کار مندرجہ ذیل ہے:

MoF اور CDNS کے درمیان سرمایہ کاری ایجنسی کے معاہدے کے ذریعے تمام اکاؤنٹ ہولڈرز اثاثوں کے مشارکہ پول میں سرمایہ کاری کریں گے۔

RNS سرمایہ کاروں اور حکومت پاکستان کے درمیان سرمایہ کاری کے ایجنٹ کے طور پر کام کرے گا (وزارت خزانہ کے ذریعے) وکالہ استثمار (ایجنسی) کے تصور کی بنیاد پر۔ حکومت پاکستان کے شریعہ سے منظور شدہ اثاثہ مشارکہ پورٹ فولیو میں سرمایہ کاروں کے فنڈز کی سرمایہ کاری کرے گا۔

سرمایہ کار، (واجب الاداء) منافع یا تحلیل شدہ رقم کا حقدار ہوگا۔ (مقررہ میعاد کی تکمیل یا قبل از وقت مکمل یا جزوی تحلیل کی صورت میں)۔ وہ منافع جو شرعی تصدیق شدہ پورٹ فولیو سے سرمایہ کاری کے تناسب کے اعتبار سے حاصل ہوگا، اور ایسے اثاثوں کی آمدنی کے نتیجے میں ہوگا جنہیں CDNS اور حکومتِ پاکستان (MoF) کے مابین شرعی نامزد معاہدے کے تحت سرمایہ کاری میں لگایا گیا ہوگا۔

CDNS کی تمام مصنوعات، ڈھانچہ، طریقہ کار، معاہدات، آڈٹ اور کمپلائنز سسٹم اس کے شریعہ بورڈ کی پیشگی منظوری سے مشروط ہونگے۔ CDNS کو اس بات کو یقینی بنانا چاہیئے کہ تمام متعلقہ عملے کو پروڈکٹ کی خصوصیات، اس پروڈکٹ کی دستاویزات کے بارے میں تربیت دی جائے تاکہ تمام پہلوؤں میں مکمل شرعی تعمیل کو یقینی بنایا جاسکے۔ مزید برآں تمام مارکیٹنگ مواد/زمانت شریعہ بورڈ سے پیشگی منظور شدہ ہونی چاہیئے۔

رفاہ نیشنل سیونگ (RNS) مستقبل میں بھی وقتاً فوقتاً منظور شدہ شرعی بنیادوں کے تحت مختلف بچتی اسکیمیں پیش کرتا رہے گا۔ ابتدائی طور پر، شرعی منظور شدہ ڈھانچے کے تحت، رفاہ نیشنل سیونگ (RNS) مندرجہ ذیل ناموں سے مصنوعات پیش کر رہا ہے۔

Scanned with CamScanner

- Sarwa Islamic Savings Account (SISA)
- Sarwa Islamic Term Account (SITA) – 1 Year
- Sarwa Islamic Term Account (SITA) – 3 Year
- Sarwa Islamic Term Account (SITA) – 5 Year
- Sarwa Islamic Term Account (SITA) – 10 Years

ہم تصدیق کرتے ہیں کہ CDNS کی طرف سے رفاہ نیشنل سیونگ (RNS) کے قیام اور اس کے تحت ثروہ اسلامک سیونگ اکاؤنٹس (SISA) اور ثروہ اسلامک ٹرم اکاؤنٹس (SITA) کی پیشکش کے لیے ماڈل اور دستاویزات ہماری رہنمائی کے تحت ترتیب دی گئی ہیں ۔ لہذا ہم تصدیق کرتے ہیں کہ ثروہ اسلامک سیونگ اکاؤنٹس (SISA) اور ثروہ اسلامک ٹرم اکاؤنٹس (SITA) کے لئے بنائی اور ترتیب دی گئیں دستاویزات عام طور پر قبول شدہ شرعی اصولوں کے مطابق ہیں۔

ہمیں یقین ہے کہ یہ شریعہ کمپلائنٹ پروڈکٹ پاکستان میں بلاسود سرمایہ کاری کی اسکیموں کو تبدیل کرنے کا سبب بنے گی اور اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ ان کاوشوں کو قبول فرمائے بیشک اللہ تعالی سب سے بہتر جانتا ہے۔

اللہ سبحانہ وتعالی اعلم بالصواب والسلام

| | | |
|---|---|---|
| مفتی ارشاد احمد اعجاز | میاں محمد نذیر | مفتی حسان کلیم |
| شریعہ بورڈ ممبر | شریعہ بورڈ ممبر | شریعہ بورڈ ممبر |
| CDNS شریعہ بورڈ | CDNS شریعہ بورڈ | CDNS شریعہ بورڈ |

ڈاکٹر عمران اشرف عثمانی
چیئرمین شریعہ بورڈ
شریعہ بورڈ CDNS

تاریخ: ____________

Scanned with CamScanner